فیض عام ٹرسٹ ہر ضرورت مند کیلئے فیض عام بنا ہوا ہے

جناب افتخار حسین ملت کا اثاثہ، عطیہ دہندگان کی ستائش، استفادہ کنندگان کی تقریب، ممتاز شخصیتوں کا خطاب

حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی): فیض عام ٹرسٹ حقیقت میں فیض عام ہے جس کا فیض معاشرہ کے مستحق اور ضرورت مندوں تک پہنچ رہا ہے۔ آج بڑے شکر اور فخر کے ساتھ یہ کہا جاسکتا ہے کہ فیض عام ٹرسٹ ہر ضرورت مند طالب علم یا طالبہ مستحق مرد و خواتین اور معذورین، بیواؤں، یتیموں و بیسروں، حالات کے ستائے ہوئے، فسادات میں جلائے ہوئے، تڑپائے ہوئے، آفات سماوی کے متاثرین کے لیے فیض عام بنا ہوا ہے۔ خاص طور پر تعلیمی شعبہ میں وہ جس طرح مستحق طلباء وطالبات کی مدد کررہا ہے وہ نہ صرف ریاست تلنگانہ بلکہ سارے ملک میں بے مثال اور قابل تقلید ہے۔ جناب ذوالفقار حسین کے لگائے گئے اس پودے کو جناب افتخار حسین جیسی شخصیت نے اپنے رفقاء اور عطیہ دہندگان کی مدد اور انتھک جدوجہد کے ذریعہ ایک تناور درخت میں تبدیل کردیا ہے۔ سکریٹری فیض عام ٹرسٹ جناب افتخار حسین جیسی شخصیتیں قوم وملت کا اثاثہ ہیں جن کی جتنی پذیرائی کی جائے کم ہے۔ ان خیالات کا اظہار فیض عام ٹرسٹ سے استفادہ کرتے ہوئے اپنے پیروں پر کھڑے ہونے والے نوجوان لڑکے لڑکیوں کے اعزاز میں منعقدہ ایک خصوصی تقریب میں ہمدردان ملت ماہرین تعلیم، حقوق انسانی کے جہدکاروں اور صحافیوں نے کیا۔ اس موقع پر جناب رضوان حیدر نے پاور پوائنٹ کے ذریعہ نہ صرف فیض عام ٹرسٹ کی سرگرمیوں پر روشنی ڈالی۔ ان کے مطابق فیض عام ٹرسٹ نے زائد از 6 ہزار مستحق طلباء وطالبات کو اپنایا جس کے نتیجہ میں بے شمار نوجوان لڑکے لڑکیوں اور ان کے خاندانوں کا مستقبل سدھر گیا۔ سیاست آڈیٹوریم میں منعقدہ تقریب میں 2019-2025 کے دوران تعلیم مکمل کر کے پرکشش ملازمتیں حاصل کرنے والے 97 طلباء وطالبات میں سے 50 کو مدعو کیا گیا تھا۔ ان میں ایک اکاونٹنٹ، آٹو موٹیو ٹکنیشن (3)، ایرواسپیس ایوی ایشن ایک ایک، بلنگ اینڈ کیشیئر، آئی ٹی شعبہ مین 6، ڈیٹا انالاسسٹ ایک، ڈاکٹر 5، الیکٹرانک، میکانیکل اینڈ الیکٹریکل انجینئرس 2، نرسنگ اینڈ میڈیکل ہیلتھ 8، فارماسسٹ 2، ریسپشنسٹ 2، سافٹ ویر ڈیولپر ایک اور ٹیچرس اینڈ فیکلٹی 11 شامل ہیں۔ ابتداء میں جناب افتخار حسین نے خیر مقدم کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے فیض عام ٹرسٹ کے ضرورت مندوں کی مدد کا وسیلہ اور ذریعہ بننے پر اللہ کا شکر ادا کیا اور کہا کہ فیض عام ٹرسٹ کی کامیابی میں قابل قدر و قابل احترام عطیہ دہندگان کا اہم کردار ہے اور یہ سب کے سب دعاؤں کے مستحق ہیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر مخدوم محی الدین ٹرسٹی، کرار احمد، علی حیدر عامر، آغا مجاہد حسین، ڈاکٹر محمد سمیع اللہ (ارکان مجلس عاملہ)، جناب علی حیدر، محترمہ بلقیس علی حیدر، محترمہ انیس فاطمہ، محترمہ نجیبہ حیدر، محترمہ مروت حسین، جناب سید حیدر علی (رکن مجلس عاملہ)، جناب خلیل احمد (خلیل واچ کمپنی)، جناب اشفاق حیدر، قمرالدین علی خاں، نواب مصطفیٰ علی خاں، محسن باقری، پروفیسر انور خاں، پروفیسر مجید بیدار، انیس حسین، پروفیسر خواجہ ناصرالدین، روبینہ ماجد موجود تھیں۔ حال ہی میں سیاست ملت فنڈ اور فیض عام ٹرسٹ کی مالی مدد سے پائلٹ بنے محمد یار عالم اور ایڈیٹر سیاست جناب زاہد علی خاں کے بھرپور تعاون سے پائلٹ بن کر بحیثیت پائلٹ خدمات انجام دے رہی سلویٰ فاطمہ نے بھی بطور خاص شرکت کی۔ پروفیسر ایس اے شکور نے اپنے خطاب میں جناب افتخار حسین کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ وہ قوم وملت کے مستحقین کی مدد کے لیے اپنی دولت اور وقت دونوں دے رہے ہیں اور ایسی شخصیتیں صدیوں میں پیدا ہوتی ہیں۔ انہوں نے مسلمانوں کو خاص طور پر تعلیمی شعبہ پر توجہ مرکوز کرنے کا مشورہ دیا۔ پروفیسر خواجہ ناصرالدین نے اپنے خطاب میں فیض عام ٹرسٹ اور اس کے سکریٹری افتخار حسین کی ستائش کی۔ محمد یار عالم پائلٹ نے کہا کہ جناب افتخار حسین نے انہیں ایڈیٹر سیاست جناب زاہد علی خاں سے متعارف کروایا اور پائلٹ بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ وہ اور ان کے والدین، جناب زاہد علی خاں، جناب افتخار حسین اور جناب عامر علی خاں کے حق میں دعا گو رہیں گے۔ ایڈیٹر صدائے حسینی جناب سید جعفر حسین نے بھی فیض عام ٹرسٹ اور جناب افتخار حسین کو ملت کے لیے نعمت غیر مترقبہ قرار دیا۔ آخر میں محمد ریاض احمد کے شکریہ پر محفل اپنے اختتام کو پہنچی۔ واضح رہے کہ نسیم خاتون نامی طالبہ نے اپنا منی باکس پیش کیا جب کہ ڈاکٹر ثانیہ نے 5 ہزار روپے بطور عطیہ پیش کئے۔۔

جوبلی ہلز کا ضمنی انتخاب
مرکزی مبصرین حیدرآباد پہنچے

حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) حیدرآباد کے جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ کے ضمنی انتخاب کے پیش نظر مرکزی الیکشن کمیشن نے جنرل مبصر رنجیت کمار سنگھ، پولیس مبصر اوم پرکاش تریپاٹھی اور اخراجات کے مبصر سنجیو کمار لال کو مقرر کیا ہے جو انتخابی عمل کی نگرانی کیلئے حیدرآباد پہنچ گئے ہیں۔ ضمنی انتخاب 11 نومبر کو ہوگا۔ منگل کو مبصرین نے ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر اور جی ایچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن، جی ایچ ایم سی الیکشن ڈپارٹمنٹ کے ایڈیشنل کمشنر ہنمنت پٹیل اور دیگر نوڈل آفیسرس کیساتھ اجلاس کیا۔ اس اجلاس کے دوران، ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر آر وی کرنن نے مبصرین کو ضمنی انتخاب کے انتظامی منصوبہ سے واقف کروایا اور مرکزی الیکشن کمیشن کی جاری کردہ ہدایات کے مطابق کئے گئے انتظامات کی تفصیل بیان کی۔

پتنگوں کے گودام میں
بڑے پیمانہ پر آگ لگ گئی

حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) پرانا شہر حیدرآباد کے منگل ہاٹ دھول پیٹ میں پتنگوں کے گودام میں کل شب بڑے پیمانہ پر آگ لگ گئی۔ تفصیلات کے مطابق آبکاری ڈپارٹمنٹ کے حدود میں یہ گودام ہے جس میں کل شب آگ لگ گئی۔ سمجھا جاتا ہے کہ جلتے ہوئے پٹاخہ کی وجہ سے یہ واقعہ پیش آیا تاہم پولیس اس واقعہ کی وجوہات معلوم کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ اس واقعہ میں گودام میں رکھا سامان جل کر مکمل طور پر خاکستر ہوگیا تاہم کسی کے جھلسنے یا پھر کسی کی موت کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔ مقامی افراد نے بتایا کہ اس واقعہ میں بڑے پیمانہ پر مالی نقصان ہوا ہے۔ اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈس نے وہاں پہنچ کر کافی جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پایا۔ آگ نے گودام کے قریب رکھی گاڑیوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

وشاکھاپٹنم میں سڑک حادثہ

حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) آندھرا پردیش کے وشاکھاپٹنم کے قدیم گجوا کا جنکشن میں پیش آئے سڑک حادثہ میں دو نوجوان ہلاک ہوگئے۔ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب تیز رفتار بائیک چلانے والے نے اس کا توازن کھودیا اور یہ بائیک ڈیوائیڈر سے ٹکرا گئی۔ اس حادثہ میں دو نوجوان ہلاک ہوگئے۔ مہلوکین کی شناخت 17 سالہ اجئے راج اور اتنی ہی عمر کے منوج کمار کے طور پر کی گئی ہے۔ پولیس نے اس سلسلہ میں ایک معاملہ درج کرکے جانچ شروع کردی۔ پولیس نے بتایا کہ تیز رفتاری حادثہ کی وجہ بنی۔

2047 تک ریاست کو ملک میں نمبر ون بنانے کے اقدامات: چندرابابو



حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) اے پی کے وزیراعلی چندرابابو نائیڈو نے تنقید کی کہ سماج میں بے چینی پھیلانے کے لئے سیاسی نقاب اوڑھ کر نئے جرائم کئے جا رہے ہیں۔ منگل گری کے اے پی ایس پی بٹالین میں منعقدہ پولیس یادگار شہیداں کے پروگرام میں وزیراعلی کے ساتھ وزیر داخلہ وی انیتا اور ڈی جی پی ہریش کمار گپتا بھی شریک ہوئے۔ اس موقع پر وزیراعلی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جان عارضی ہے اور جو کام کیا جاتا ہے وہ دائمی ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی سازش کے فرضی پروپگنڈہ پھیلایا جارہا ہے اور ذات و مذہب کی بنیاد پر فساد پھیلایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے اور بعض لوگ ذاتی نقصان پہنچانے کے لئے سرگرم ہیں۔ وزیراعلی نے کہا کہ ریاستی پولیس کو مکمل آزادی دی گئی ہے اور پولیس کو مجرموں اور سماجی انتشار پھیلانے والی قوتوں کے بارے میں چوکس رہنا چاہیے۔ انہوں نے اشارہ دیا کہ ریاست میں امن وامان کے معاملے میں قطعاً سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے پولیس سے کہا کہ وہ حکومت اور عوام دونوں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑی رہے۔ انہوں نے پولیس کو یقین دلایا کہ حکومت بھی ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ وزیراعلی نے بتایا کہ پولیس کو تحفظ فراہم کرتے ہوئے کئی فلاحی اسکیمیں چلائی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہوم گارڈز کو جلد ہی مفت صحت بیمہ دیا جائے گا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ گزشتہ حکومت نے ریاست میں تباہی مچائی اور ان کی حکومت اس کا ازالہ اور دوبارہ تعمیر کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس ملازمین کو ڈی اے کے ساتھ ساتھ سرنڈر لیو بھی دی جارہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست میں 6,100 کانسٹیبلس کی بھرتی کی گئی ہے اور محکمہ جاتی نوعیت کے تمام کام کئے جائیں گے۔ وزیراعلی نے عزم ظاہر کیا کہ وہ چاہتے ہیں کہ 2047 تک آندھرا پردیش ملک میں نمبر 1 ریاست ہو اور یہ صرف تب ہی ممکن ہے جب ہر طرح کا دفاع اور سیکیورٹی موجود ہو۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کے ایثار اور قربانیوں کی روح کے ساتھ ان کی حکومت آگے بڑھے گی۔ گزشتہ سال ملک گیر سطح پر 192 افراد شہید ہوئے۔ وزیراعلی نے کہا کہ پولیس شعبہ کو ہمیشہ احترام اور اہمیت دی جائے گی۔ انہوں نے پولیس کو تکنیک کے استعمال کی سفارش کی اور منشیات، لال صندل کی لکڑی کی اسمگلنگ کو روکنے کے لئے پولیس کی خدمات کی ستائش کی۔

دیوالی کے موقع پر مرغوں کی لڑائی کا اہتمام کرنے والے گرفتار

حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) دیوالی کے موقع پر رقمی شرطیں لگاتے ہوئے مرغوں کی لڑائی کا اہتمام کرنے والوں کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ سوریاپیٹ ضلع کے تما پورم گاں کے مضافات میں دیوالی تہوار کے موقع پر آس پاس کے دیہاتوں کے نوجوانوں کے ساتھ ساتھ بڑے پیمانے پر مرغوں کی لڑائی کا اہتمام کیا گیا تھا۔ جس کی پولیس کو اطلاع ملی۔ اطلاع ملتے ہی ایس آئی مہیش اپنی ٹیم کے ساتھ موقع پر پہنچے اور چھاپہ مار کارروائی کی۔ اس کارروائی میں دو مرغ، 9 سٹہ بازوں کو گرفتار کیا گیا، جبکہ ان کے قبضے سے 6 موٹر سائیکلیں، ایک آٹو اور 5400 روپے نقد برآمد کئے گئے۔

جنوبی آفریقہ میں بھکنور کے نوجوان کی موت

حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) جنوبی افریقہ میں دیپاولی کے موقع پر تلنگانہ کے بھکنور سے تعلق رکھنے والا ایک نوجوان ہلاک ہوگیا۔ متوفی کی شناخت سرینواس) عمر 32 سال (کے طور پر ہوئی ہے جو گزشتہ چند برسوں سے جنوبی افریقہ میں بطور بورنگ ڈرلر اور ڈرائیور کام کررہا تھا۔ اطلاعات کے مطابق پیر کے روز مقامی لوگوں نے سرینواس کی نعش کو ایک درخت سے لٹکتا ہوا پایا۔ واقعے کی اطلاع فوری طور پر اس کے خاندان کو دی گئی جس کے بعد ارکان خاندان غم سے نڈھال ہوگئے۔ تاحال اس واقعے کی اصل وجوہات معلوم نہیں ہوسکیں۔ تاہم، متوفی کے اہل خانہ نے اس موت پر شکوک وشبہات کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ مکمل تحقیقات کی جائیں۔ سرینواس کے پسماندگان میں بیوی نِو یتا، بیٹی لاسیا اور بیٹا نہال شامل ہیں۔

فنکشن ہال میں بڑے پیمانہ پر آگ لگ گئی

حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) شہر حیدرآباد کے سلطان بازار علاقہ میں وی وی فنکشن ہال میں بڑے پیمانہ پر آگ لگ گئی۔ آگ کے ساتھ کثیف دھواں بھی نکل رہا تھا۔ اس واقعہ کی اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کے عملہ نے وہاں پہنچ کر آگ پر کافی جدوجہد کے بعد قابو پایا۔ اس واقعہ میں فنکشن ہال میں لگایا گیا سجاوٹی سامان جل کر مکمل طور پر خاکستر ہوگیا۔ یہ آگ شارٹ سرکٹ سے لگی یا پھر پٹاخوں کے نتیجہ میں آگ لگی، اس واقعہ کی جانچ فائر بریگیڈ کے عہدیدار کررہے ہیں۔ اس واقعہ میں کسی کے جھلسنے یا پھر کسی کی موت کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

ریاض کو پکڑنے کی کوشش میں زخمی
بہادر نوجوان آصف کی ڈی جی پی نے عیادت کی

حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) ریاست تلنگانہ نظام آباد میں پولیس کانسٹیبل کے قتل میں ملوث انکاونٹر میں ہلاک ہونے والے ملزم ریاض کو گرفتار کرنے کی کوشش کے دوران شدید زخمی ہونے والے نوجوان سید آصف کی عیادت کے لیے آج ریاستی پولیسر براہ ڈی جی پی بی شیوادھر ریڈی، ایڈیشنل ڈی جی پی لا اینڈ آرڈر ایم مہیش بھگوت اور کمشنر پولیس وی سی سجنار حیدرآباد کے عابڈس علاقے میں واقع ایک خانگی اسپتال پہنچے۔ ڈی جی پی نے آصف کی خیریت دریافت کرتے ہوئے بتایا کہ نوجوان کی صحت اب مستحکم ہے اور فی الحال تشویش کی کوئی بات نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آصف کا علاج حکومت کے خرچ پر جاری ہے اور تمام تر سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں۔ ڈی جی پی نے سید آصف کی جرات و بہادری کو سراہتے ہوئے کہا ملزم کے ہاتھ میں خنجر ہونے کے باوجود آصف نے بے مثال دلیری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حملہ آور کو قابو میں لے لیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آصف کو مکمل صحتیابی کے بعد محکمہ کی جانب سے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ طبی ماہرین کے مطابق آصف کو آئندہ دو سے تین دنوں میں اسپتال سے فارغ کیے جانے کا امکان ہے تاہم مکمل صحت یابی میں دو سے تین ماہ کا وقت لگ سکتا ہے۔ پولیس عہدیداروں نے اسپتال عملے سے بھی ملاقات کرتے ہوئے آصف کے علاج و معالجے کی تفصیلات حاصل کیں اور ان کے بہتر نگہداشت پر اطمینان کا اظہار کیا۔

صدر تلنگانہ جاگروتی کے کویتا کی ویکشنام کے ایڈیٹر وینوگوپال سے ملاقات

حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) صدر تلنگانہ جاگروتی کلواکنٹلہ کویتا نے تلنگانہ کے دانشوران سے ملاقات کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ تلنگانہ جاگروتی کی جانب سے 25 اکتوبر سے جاگروتی جنم باٹا پروگرام کا آغاز عمل میں لایا جارہا ہے۔ اس سلسلہ میں کے کویتا مختلف دانشوروں سے ملاقات کررہی ہیں۔ جسکا مقصد ریاست کے مختلف طبقات کی آراتجاویز اور رہنمائی حاصل کرنا ہے۔ اسی سلسلہ کی ایک کڑی کے طور پر آج شام کے کویتا نے ویکشنام کے ایڈیٹر این وینوگوپال سے ملاقات کی۔ کویتا اور وینوگوپال نے تلنگانہ عوام کو درپیش مسائل زمینی سطح پر مشکلات اور دیگر اہم عوامی امور پر تفصیلی گفتگو کی۔ کویتا نے کہا کہ تلنگانہ کے عوامی مسائل کے مستقل حل کیلئے مختلف شعبہ جات کے ماہرین دانشوران، سماجی رہنماں کی آرا نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔

ریاض انکاونٹر: تلنگانہ انسانی حقوق کمیشن نے لیا از خود نوٹس

حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) تلنگانہ اسٹیٹ ہیومن رائٹس کمیشن (ایس ایچ آر سی) نے نظام آباد ٹان کے ایک اسپتال میں پولیس اہلکار کے قتل کے ایک ملزم کو پولیس کے ذریعہ مبینہ تصادم میں ہلاکت کا از خود نوٹس لیا ہے اور ڈائرکٹر جنرل آف پولیس کو رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی ہے۔ تلنگانہ ریاستی انسانی حقوق کمیشن نے منگل کو نظام آباد میں پیر کے واقعہ کے بارے میں اخباری رپورٹس کا نوٹس لیا، جس میں ایک پولیس کانسٹیبل کے قتل کے ایک ملزم کو پولیس نے مبینہ انکاونٹر میں گولی مار کر ہلاک کردیا تھا۔ شیخ ریاض جسے حال ہی میں پولیس کانسٹیبل پرمود کمار کے قتل کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا، اسپتال میں انکاونٹر میں دم توڑ گیا جہاں وہ زیر علاج تھا۔ بتایا جاتا ہے کہ مذکورہ ملزم نے ایک آرمڈ ریزرو کانسٹیبل کا سروس ہتھیار چھیننے کی کوشش کی اور فرار ہونے کی کوشش کی جس کے بعد پولیس نے اپنے دفاع کا دعوی کرتے ہوئے فائرنگ کردی جس سے اس کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ بی شیودھر ریڈی، ڈائرکٹر جنرل آف پولیس، تلنگانہ کے بیان کے مطابق، یہ واقعہ اپنے دفاع میں پیش آیا کیونکہ ملزم نے مبینہ طور پر پولیس اہلکاروں پر گولی چلانے کی کوشش کی، کمیشن نے نوٹ کیا۔ کمیشن نے کہا "واقعہ، جیسا کہ رپورٹ کیا گیا ہے، حراستی حالات پر مشتمل ہے، اور آئین ہند کے آرٹیکل 21 کے تحت زندگی کے حق سے متعلق اہم سوالات اٹھاتا ہے، اور ساتھ ہی ساتھ سپریم کورٹ کی طرف سے جاری کردہ رہنما خطوط کی تعمیل سے متعلق عوامی یونین برائے سول لبرٹیز بمقابلہ ریاست مہاراشٹرا NRC2060 (2014) اور Guidelines (2014) 2014 کی تصدیق کی گئی (انکاونٹر میں ہونے والی اموات کے بارے میں معاملے کی سنگینی اور انسانی حقوق کے مضمرات کے پیش نظر، کمیشن کی یہ رائے ہے کہ یہ اے پی اسٹیٹ ہیومن رائٹس کمیشن) طریقہ کار (کے ضابطے 25 کے تحت از خود نوٹس لینے کے لیے موزوں معاملہ ہے، "۔ ریاض کی مبینہ انکاونٹر میں موت کا از خود نوٹس لیتے ہوئے کمیشن نے ڈی جی پی کو ہدایت دی کی کہ وہ 24 اکتوبر کو اگلی سماعت پر انکاونٹر کے نتیجے میں ہونے والے حالات، مجسٹریل انکوائری کی حیثیت اور کسی بھی محکمانہ / عدالتی کاروائی کے بارے میں تفصیلی حقائق پر مبنی رپورٹ پیش کریں، اور سپریم کورٹ کے رہنما خطوط کے ساتھ ساتھ این ایچ او کی موت کی کاپی، ایف آئی آر اور پوسٹ مارٹم رپورٹ کے ساتھ تعمیل بھی کریں۔ ریاض نے 17 اکتوبر کو پولیس کانسٹیبل پرمود کمار (42) کو اس وقت مبینہ طور پر چاقو کے وار کر کے ہلاک کردیا تھا جب وہ اسے نظام آباد کے پولیس سٹیشن لے جارہا تھا۔ ڈی جی پی نے ملزم کی تلاش کا حکم دیا تھا، جو کانسٹیبل کو قتل کرنے کے بعد فرار ہوگیا تھا۔ ریاض نے 19 اکتوبر کو نظام آباد ٹان 6 تھانے کی حدود میں سرنگا پور کے قریب آصف نامی شخص پر حملہ کیا۔ آصف، جو اسے پکڑنے میں پولیس کی مدد کررہا تھا، ہاتھا پائی کے دوران شدید زخمی ہوا۔ دونوں افراد کو علاج کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا، بعد ازاں ریاض کو حراست میں لے لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ریاض قتل، ڈکیتی اور چھینا جھپٹی سمیت 61 مقدمات میں ملوث تھا۔ اس کے خلاف 50 چوری کے مقدمات درج تھے جن میں چھ مہاراشٹر میں تھے۔ انسانی حقوق کی تنظیموں نے پولیس کانسٹبل پرمود، مذرکیس کے ملزم ریاض کو سزائے موت دینا چاہئے تھا۔ انھوں نے ریاض کی ماں، بیوی اور اہلیہ کو ہراساں کرنے کا الزام لگایا ہے۔ انھوں نے سوال کیا کہ 61 کیس میں ملوث ملزم قید میں بند کیوں نہیں تھا۔ گرفتاری سے پہلے ملزم کی تلاشی کیوں نہیں لی گئی۔ حملہ کیوقت دیگر پولیس اہلکار کہاں تھے۔ بی جے پی کیلوگ اشتعال انگیز نعرے لگائے۔ انکاونٹر کیبعد آتش بازی کی گئی۔ واقعہ کو فرقہ وارنہ رخ دینے کی کوشش کی۔ حیدرآباد کی ایک تنظیم نے اس انکاونٹر کی ہائی کورٹ کیبر سرخدمت جج کیذریعہ جانچ کرانے کی مانگ کی ہے۔ سائی چیتنیہ کمشنر کو عہدے سے ہٹانے کا مطالبہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ نئے ڈی جی پی کی تقرری کیبعد انکاونٹر سے لوگوں کے درمیان شک وشبہات کو دور کرایا جائے۔ اور اس انکاونٹر کی آزادانہ اور منصفانہ جانچ کرائی جائے۔

شیخ ریاض سخت حفاظتی انتظامات میں سپرد خاک

حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) نظام آباد انکاونٹر میں ہلاک شیخ ریاض کی سخت حفاظتی انتظامات کے درمیان آج بعد نماز فجر تدفین عمل میں آئی۔ تلنگانہ کے نظام آباد میں 17 اکتوبر کی رات پولیس کانسٹیبل 'پرمود' کو چاقو سے قتل کرنے والا ملزم شیخ ریاض کا ہاسپٹل میں انکاونٹر کردیا گیا تھا۔ جسکے بعد آج 21 اکتوبر کو بعد نماز فجر تدفین عمل میں لائی گئی۔ دوران تدفین صرف اہل خانہ اور قریبی رشتہ داروں موجود رہے۔ معلومات کے مطابق نظام آباد کے گورنمنٹ جنرل ہاسپٹل میں ریاض کا پوسٹ مارٹم دیر رات تک جاری رہا۔ رات تقریباً تین بجے سخت سیکیورٹی کے درمیان ریاض کی لاش اہل خانہ کے حوالے کردیا گیا۔ جسکے بعد صبح فجر میں بودھن روڈ کے قبرستان میں ریاض کی تدفین عمل میں آئی۔

بی آر ایس پارٹی کے صدر و سابق وزیراعلی کے چندر شیکھر را (KCR) سے ان کی ایرولی رہائش گاہ پر بی آر ایس پارٹی کے وِپ اور قطب اللہ پور کے ایم ایل اے کے پی ویویک آنند گوڑ نے اپنے یوم پیدائش کے موقع پر ملاقات کی اور ان سے دعائیں حاصل کیں۔ اس موقع پر کے سی آر نے ویویک آنند گوڑ کو سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے ان کی صحت، خوشحالی اور سیاسی کامیابیوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

مانجرا کی پائپ لائن کا وال لیک، پانی کا اخراج



حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) حیدرآباد کے چندانگر سرکل 21 کے علاقہ میں اولڈ ممبئی روڈ پر مانجرا کی پائپ لائن کا وال لیک ہوگیا جس کے نتیجہ میں پانی کا بڑے پیمانہ پر اخراج عمل میں آیا۔ اس صورتحال کی وجہ سے وہاں سے گزرنے والے گاڑی سواروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مقامی افراد نے متعلقہ حکام سے فوری کارروائی کرتے ہوئے پانی کے ضیاع کو روکنے کی اپیل کی ہے۔ پانی اتنے زیادہ دبا کے ساتھ اوپر کی طرف نکل رہا ہے کہ بجلی کی تاروں سے ٹکرانے کا خطرہ پیدا ہوگیا جس کی وجہ سے عوام میں تشویش دیکھی گئی۔ اس واقعہ کی ویڈیوز اور تصاویر سوشل میڈیا پر تیزی کے ساتھ وائرل ہوگئیں۔

اے پی میں بارش کی پیش گوئی، ایلو الرٹ

حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) مغربی بنگال کی خلیج میں کم دبا کا نظام پیدا ہوا ہے۔ یہ مغربی شمال مغرب کی سمت پیشقدمی کرتے ہوئے 36 گھنٹوں کے اندر طوفان میں بدل سکتا ہے جس کے زیر اثر اے پی میں محکمہ موسمیات نے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بدھ کے روز پوری ریاست میں شدید بارش کی توقع ہے اور اس کے لئے محکمہ موسمیات اورنج الرٹ جاری کرنیوالا ہے۔

حیدرآباد میں پٹاخے جلانے کے دوران
54 افراد کی آنکھیں متاثر، دو کی حالت تشویشناک

حیدرآباد۔ 21 / اکٹوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) دیوالی کے موقع پر پٹاخے جلانے کے دوران حیدرآباد میں کئی افراد کی آنکھیں متاثر ہوئیں جس کے بعد پیر کی رات سے شہر کے سروجنی دیوی آئی ہاسپٹل میں بڑی تعداد میں متاثرین کو شریک کیا گیا۔ گزشتہ رات سے اب تک 54 افراد ہاسپٹل میں داخل ہوچکے ہیں، جن میں 18 بچے بھی شامل ہیں۔ بتایا جارہا ہے کہ ان میں سے دو بچوں کی حالت تشویشناک ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں پٹاخے ہاتھوں میں پھٹنے اور آنکھوں کے متاثر ہونے کے واقعات پیش آئے۔ ڈاکٹروں نے بتایا کہ متاثرین کو فوری طور پر علاج فراہم کیا جارہا ہے اور مزید مریض آنے کی صورت میں بھی مکمل انتظامات کئے گئے ہیں۔

کانسٹیبل پرمود کی شہادت نے پولیس
اہلکاروں کے روزمرہ خطرات کی یاد تازہ کردی

نظام آباد۔ /21 اکتوبر (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) اپنے فرض کی ادائیگی کے دوران پیش آئے افسوسناک واقعے میں کانسٹیبل پرمود اس وقت شہید ہوگئے جب وہ ایک ملزم کو پولیس اسٹیشن لے جارہے تھے۔ اسی دوران ملزم نے ان پر چاقو سے حملہ کردیا جس کے نتیجے میں پرمود موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ یہ دلخراش واقعہ ایک بار پھر یاد دلاتا ہے کہ ملک بھر میں امن وامان کی حفاظت کے لیے پولیس اہلکار روزانہ اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر خدمت انجام دیتے ہیں۔ شہید پولیس اہلکاروں کے خاندانوں کی فلاح و بہبود کا خیال رکھنے والی ریاستی حکومت اور وزیراعلی کے تئیں دلی شکریہ ادا کیا گیا۔

ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کو سری شیشائی انٹر پرائزیز، پلاٹ نمبر 19، آئی ڈی اے بالانگر، آر آر ڈسٹرکٹ، تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146، امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780، پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔